© rasailojaraid.com



# کتاب نما

ادارہ

## قرآنیات پر نئی کتابیں :

- موضوعات قرآن اور انسانی زندگی ، تالیف : خواجہ عبدالوحید مرحوم ۔ ناشر: ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد، صفحات ۴۲۵

قرآن کریم کی آیات کو مختلف موضوعات یا مضامین کے تحت جمع کرنے اور کتابی صورت میں انھیں ترتیب دینے کا کام بہت پہلے سے جاری ہے۔ عربی، انگریزی اور اردو زبانوں میں اس نوع کی تالیفات ملتی ہیں اور مرتبین نے اپنے اپنے انداز میں موضوعات کو منتخب کرکے ان کے ضمن میں متعلقہ آیات کو جمع کیا ہے۔"موضوعاتِ قرآن و انسانی زندگی" میں مضامین کی نوعیت کا اندازہ ذیل کے عناوین سے کیا جاسکتا ہے۔

۱۔ زندگی کا انفرادی پہلو ۲۔ زندگی کا عائلی پہلو ۳۔ معاشرتی زندگی ۴۔ زندگی کا قومی اور بین الاقوامی پہلو ۵۔ زندگی کا ثقافتی پہلو ۶۔ زندگی کا معاشی پہلو ۷۔ زوال و بربادیٔ اقوام کے اسباب۔

اس کتاب میں مذکورہ سات ابواب کے تحت آیات کو مع ترجمہ درج کیا گیا ہے۔ انسانی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر قرآنی تعلیمات و ہدایات کے مطالعہ کے لیے یہ کتاب افادیت سے بھرپور و لایق مطالعہ ہے

- احسن البیان فی علوم القرآن ، تصنیف : ڈاکٹر حسن الدین احمد، ناشر: حسامی بک ڈپو حیدرآباد، ۱۹۸۹ء، صفحات: ۳۱۶، قیمت : تیس روپئے۔

قرآن کریم کی یہ بھی ایک عظیم برکت ہے کہ اس کی نسبت سے بہت سے علوم وجود میں

© rasailojaraid.com